© rasailojaraid.com

سید عطاء المحسن بخاری

"اینویں مان ترے تے کیتا"

★★

لیراں جوڑ میں کُرتا سیتا
حمد شکر دا پیالہ پیتا
پڑھ بسم اللہ کُرتا پایا
انج میری سر اُچا کیتا
میں وڈیاں دے جا سنگ رلیا
حُقہ پانی رل کے پیتا
اونہاں میرا مان ودھایا
میں اُونہاں تے مان چا کیتا
اِک وڈکا مینوں گھور کے تکّے
میں سوچاں اُونہیں انج کیوں کیتا
اَجے میں سوچاں وِچ ای گم ساں
اونہیں کُرتا لیراں کیتا،
"اینویں مان ترے تے کیتا"
دِل ٹُھگے من موہنے پیتا

نیاز سواتی

مکھن لگا ، مکھن لگا

ڈو فٹ کا ہے افسر ، اگر
اس کو تو چھ فٹ کا بنا
مکھن لگا ، مکھن لگا
ہر وقت کہہ ، سَر جی اسے
یُوں بانس پہ اُس کو چڑھا
مکھن لگا ، مکھن لگا
بن جا قُلی اُس کے لئے
سامان تُو اُس کا اُٹھا
مکھن لگا ، مکھن لگا
اُلّو کہے تجھ کو تو ، کہہ
اچھا کہا ، اچھا کہا
مکھن لگا ، مکھن لگا
وہ دن کہے گر ، رات کو
تُو اُس کی ہاں میں ہاں ملا
مکھن لگا ، مکھن لگا
پیچھے لٹکتی ہو اگر
پیچھے سے دُم اُس کی اُٹھا
مکھن لگا ، مکھن لگا
بے ربط باتیں سُن کے بھی
ہر بات پہ کہہ ، واہ وا
مکھن لگا ، مکھن لگا
ہر وقت اُس کے ساتھ رہ
بن جا تُو اُس کا دُم چھلا
مکھن لگا ، مکھن لگا
سگریٹ وہ جب پینے لگے
ماچس کو تو آگے بڑھا
مکھن لگا ، مکھن لگا

© rasailojaraid.com